2025-03-19

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں          ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1 ناسا کے خلاباز سنیتا ولیمز اور Crew-9 کے اُن کے ساتھی ارکان، خلا میں 9 ماہ پھنسے رہنے کے بعد زمین پر واپس آگئے ہیں۔

2- روس کے صدر ولادیمیر پتن نے، صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ بات چیت کے بعد یوکرین کے، توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے پر حملوں کو عارضی طور پر روکنے سے اتفاق کرلیا ہے۔

3- اسرئیل کے وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل نے غزہ پر حملے، پوری طاقت سے دوبارہ شروع کردیے ہیں۔

4- ریلویز کے وزیر اشونی ویشنو نے بھارتی ریلویز کو جدید اور مستعد ٹرانسپورٹ نظام بنانے کے، حکومت کے عزم کو دوہرایا ہے۔

5- اور

کھیلو انڈیا پیراگیمز 2025 کا ترانہ، میسکٹ اور لوگو جاری کردیا گیا ہے۔ یہ کھیل مقابلے کل سے شروع ہوں گے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Nasa Iss Return

ناسا کے خلا باز سُنیتا ولیمس اور Butch Wilmore رات دیر گئے زمین پر لوٹ آئے ہیں۔ اُن کی واپسی SpaceX Crew Dragon اسپیس کرافٹ سے ہوئی ہے۔ اُن کا SpeceX کیپسول خلیجِ میکسیکو میں اُترا۔ ولیمس اور Wilmore دونوں خلا باز پچھلے سال جون سے انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن میں پھنسے ہوئے تھے۔

S/B - Nasa - Touchdown Commentary

SpeceX Crew-9 کی واپسی کے ساتھ ہی انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن میں ISS عملے کا روٹیشن مشن، اختتام کو پہنچا، جس میں ناسا کے Nick Hague اور روسی خلا باز Aleksandr Gorbunov بھی شامل تھے۔

یہ بوئنگ اسٹار لائنر اسپیس کرافٹ کا پہلا مشن تھا، جس میں تکنیکی خرابی کے بعد اِن خلا بازوں کی زمین کی واپسی کے لیے حالات ناسازگار ہو گئے تھے۔×

## US Russia Talks

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے، یوکرین میں توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کی جگہوں پر حملے، عارضی طور پر روکنے سے اتفاق کرلیا ہے۔ یہ اتفاق، گل امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ٹیلی فون پر اُن کی طویل گفتگو کے بعد ہوا۔ وہائٹ ہاؤس اور Kremlin وونوں دفتروں نے اس کی تصدیق کی ہے۔

وہائٹ ہاؤس نے کہا کہ دونوں صدور کے درمیان اِس بات چیت کا شدید انتظار تھا، کیونکہ ٹرمپ انتظامیہ، روس کے رہنما کو اِس بات پر آمادہ کرنے کی کوشش میں تھی کہ وہ جنگ ختم کرنے کے امکانی طریقے کے طور پر یوکرین کے ساتھ 30 دن کی جنگ بندی تجویز کو منظوری دے دیں۔ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات اور مغربی ایشیا میں صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

دوسری طرف کریملن نے بتایا کہ روس کے صدر، ایک مکمل جنگ بندی سے متفق نہیں ہیں۔ دفترنے یہ بھی بتایا کہ فون پر بات چیت میں بہت سے معاملات شامل رہے۔

صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک انٹرویو میں کہا کہ روس کے صدر کے ساتھ اُن کی یہ بات چیت کافی اچھی رہی۔ انھوں نے کہا کہ یوکرین کے، توانائی اور بنیادی ڈھانچے کے مقامات پر حملے روکنے سے روس کا اتفاق، ایک بڑی بات ہے۔ انھوں نے تجویز رکھی کہ اس بات چیت کے بعد روس اور یوکرین کے درمیان مکمل جنگ بندی بھی کی جا سکے گی۔

اِسی دوران یوکرین کے صدر وولودو میرزیلینسکی نے کہا کہ روس، یوکرین میں جنگ ختم کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں اور وہ جنگ بندی کے لیے بھی تیار نہیں ہیں۔ انھوں نے یہ بات ایک نیوز کانفرنس میں کہی۔

یہ کانفرنس، صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی، روس کے اُن کے ہم منصب کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کے کچھ ہی گھنٹے بعد منعقد کی گئی۔x

## Netanyhu Gaza

اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو نے غزہ پٹی میں حماس کے خلاف پوری طاقت سے فوجی حملے شروع کیے جانے کی تصدیق کی ہے۔ غزہ میں بڑے پیمانے پر فضائی حملوں میں 400 سے زیادہ فلسطینی جان گنوا چکے ہیں۔

جناب نیتن یاہو نے ان حملوں کو محض شروعات قرار دیا۔ قومی ٹیلی ویژن پر ایک ویڈیو بیان میں اسرائیل کے وزیر اعظم نے انتباہ دیا کہ مذاکرات جنگ کے سائے میں ہی جاری رہیں گے۔ اس سے پہلے، کل جناب نیتن یاہو نے کہا کہ جنگ بندی میں توسیع کے مذاکرات میں پیش رفت نہ ہونے کی وجہ سے ان حملوں کا حکم دیا گیا ہے۔

دریں اثناء حکام نے کہا ہے کہ آپریشن کی مدت طئے نہیں ہے اور اس میں توسیع کا امکان ہے۔

S/B Netnayahu

Rajnath Neterhlands Meets

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے نئی دلّی میں نیدرلینڈس کے اُن کے ہم منصب Ruben Brekelmans سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے دفاع، سلامتی، معلومات کے تبادلے، بھارت-بحرالکاہل اور اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان بحری جہاز کی تعمیر، آلات اور خلا نیز ہُنر اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں اشتراک کے امکانات بھی تلاش کیے۔

دونوں رہنماؤں نے مصنوعی ذہانت اور متعلقہ ٹیکنالوجیوں سمیت اپنے دفاعی ٹیکنالوجی کے تحقیقی اداروں اور تنظیموں کو ایک دوسرے سے مربوط کرنے پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ بھارت، نیدرلینڈس کے ساتھ اپنی دفاعی ساجھے داری کو مزید مستحکم کرنے کا خواہاں ہے۔×

Raisian Dialogue EAM Meeting

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برطانیہ کے قومی سلامتی کے مشیر جوناتھن پاویل سے ملاقات کی اور دوطرفہ، علاقائی اور عالمی سلامتی سے متعلق معاملات پر اپنے نظریات کا تبادلہ کیا۔ جناب جے شنکر نے مختلف ممالک کے اپنے ہم منصب میزبان ممالک کے ساتھ بھی دوطرفہ ملاقاتیں کیں۔ اِن میں نیپال، تھائی لینڈ، لگزمبرگ، لاتوِیا اور مالدیپ شامل ہیں۔ ایکس پر سلسلے وار پوسٹ میں وزیر موصوف نے اس بارے میں ہو رہی پیش رفت کی جانکاری دی۔×

JFK Assassnation DOCS

امریکہ کے سابق صدر جان ایف کینیڈی کے قتل سے متعلق دستاویزات، صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی طرف سے حکم جاری کیے جانے کے بعد منظرِ عام پر لائے گئے ہیں۔ جناب ٹرمپ نے یہ حکم اپنے عہدے کی ذمہ داری سنبھالنے کے کچھ ہی وقت بعد جاری کیا تھا۔

اِس سے پہلے یہ دستاویزات، رازدارانہ زمرے میں رکھی گئی تھیں۔ اِن دستاویزات کو امریکہ کے قومی آثارِ قدیمہ اور ریکارڈ انتظامیہ کی ویب سائٹ پر جاری کیا گیا ہے۔

کینیڈی کو 22 نومبر 1963 کو Dallas کے دورے میں قتل کیا گیا تھا۔ پولیس نے اِس سلسلے میں 24 سالہ Lee Harvey Oswald کو گرفتار کیا تھا لیکن وہ بھی دو دِن کے بعد ایک جیل سے منتقلی کے دوران مارا گیا تھا۔x

Kirti Vardhan Raisina Dialogue

امور خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے کہا ہے کہ ملک نے 2070 تک، مضرِ صحت گیسوں کے اخراج کو مکمل طور پر ختم کرنے کا نشانہ طے کیا ہے۔

بھارت کے آب و ہوا سے متعلق اقدام کے بارے میں رائے سینا مذاکرات میں جناب سنگھ نے کہا کہ ملک 2030 تک، پچاس فیصد توانائی، قابل تجدید توانائی سے حاصل کرنے کا عزم کیے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت آب و ہوا کی تبدیلی، ماحولیاتی تحفظ اور ماحولیات کے لیے سازگار مستقبل کی جانب ایک واضح طریقِ کارکے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

انھوں نے کہا کہ ملک G-20 کا ایسا پہلا رکن ہے جس نے پیرس کے اپنے وعدوں کو پورا کیا اور یہ قومی سطح پر اپنائے گئے بہت سے اقدام کے سبب ممکن ہوا۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

LS Railways Discussion

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے بھارتی ریلویز کو جدید، بہترین اور ماحولیات سے مطابقت رکھنے والا ٹرانسپورٹ نظام بنانے کے حکومت کے عزم کو دوہرایا ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارتی ریلوے کی معاشی صورتحال بہتر ہے اور حکومت اس میں مزید بہتری لانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ جناب ویشنو نے کل لوک سبھا میں ریلوے کی وزارت کے کام کاج سے متعلق مباحثے میں حصہ لیتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب ویشنو نے مزید کہا کہ سال 2020 سے ملک میں مسافر کرائے میں اضافہ نہیں کیا گیا ہے اور یہ دیگر ممالک کے مقابلے کافی کفایتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارتی ریلوے نے گزشتہ 10 سال کے دوران روزگار کے 5 لاکھ موقعے تشکیل دیے ہیں اور فی الحال ایک لاکھ سے زیادہ لوگوں کو بھرتی کرنے کا عمل جاری ہے۔

ٹرینوں کو چلانے میں وقت کی پابندی کا ذکر کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ بھارتی ریلویز نے ریل گاڑیوں کو چلانے کا نظام، بروقت نگرانی اور مصنوعی ذہانت کے ذریعہ

ریل گاڑیوں کے اوقات طے کیے جانے اور پیشگوئی رکھ رکھاؤ کی بدولت 90 فیصد سے زیادہ وقت کی پابندی کی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔×

## Telangana Budget

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ اور وزیر خزانہ ملّو بھٹّی وِکرامرکا آج ریاستی قانون ساز اسمبلی میں سال 2025-26 کے لیے ریاست کا سالانہ بجٹ پیش کریں گے۔

دسمبر 2023 میں اقتدار آنے کے بعد سے تلنگانہ کی کانگریس حکومت کا یہ دوسرا مکمل بجٹ ہوگا۔ اس بجٹ کے 3 لاکھ کروڑ سے تجاوز کر جانے کا امکان ہے، کیونکہ پیش کی گئی موجودہ بجٹ تجاویز کا تخمینہ 2 لاکھ 91 ہزار کروڑ روپے ہے۔

اس بجٹ میں، ریاست کی 6 گارنٹیوں کو شامل کیے جانے کی بھی امید ہے۔ اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ ریوَنت ریڈّی کے فلیگ شپ پروجیکٹوں جیسے میٹرو ریل مرحلہ 2، فیوچر سِٹی اور Musi بازیابی پروجیکٹ کے لیے بھی بجٹ میں خاطر خواہ رقم مختص کی جا سکتی ہے۔×

## Bihar ED Lalu

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے ملازمت کے بدلے زمین منی لانڈرنگ کیس سے متعلق پوچھ تاچھ کے لیے راشٹریہ جنتا دَل کے صدر اور بہار کے سابق وزیر اعلیٰ لالو پرساد یادو کو آج طلب کیا ہے۔ جناب یادو کو ED کے پٹنہ میں واقع ریجنل دفتر میں پیش ہونے اور اپنا بیان درج کرانے کو کہا گیا ہے۔ اس سے پہلے لالو پرساد کی اہلیہ اور سابق وزیر اعلیٰ رابڑی دیوی اور اُن کے بڑے بیٹے تیج پرتاپ کل مرکزی انفورسمنٹ ایجنسی کی تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش ہوئے تھے۔ رابڑی دیوی اور تیج پرتاپ سے الگ الگ کمروں میں تین گھنٹے سے زیادہ تفتیش کی گئی۔

اس دوران RJD نے تفتیش کے وقت پر سوال اُٹھائے ہیں۔ سینئر پارٹی رہنما شکتی سنگھ یادو نے الزام لگایا کہ یہ آنے والے بہار اسمبلی انتخابات کے تناظر میں سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے کی گئی انتقامی کارروائی ہے۔ جناب سنگھ نے یہ بھی کہا کہ BJP کو اپوزیشن سے سخت مقابلہ درپیش ہے، اس لیے RJD رہنماؤں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ×

## Nagpur Situation

ناگپور میں امن و قانون کی صورتحال اب قابو میں ہے۔ یہاں پیر کی رات کو تشدد پھوٹ پڑا تھا۔

ضلع پولیس کمشنر ڈاکٹر رویندر سنگھل نے کہا کہ اِس سلسلے میں ابھی تک پانچ مقدمات درج کیے گئے ہیں اور 50 لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔

سرپرست وزیر چندرشیکھر باون کُلے نے افسران کے ساتھ میٹنگ منعقد کی اور تشدد سے متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا۔ ضلع انتظامیہ لوگوں کی املاک کو پہنچنے والے نقصانات کا اندازہ لگا رہا ہے۔ یہ نقصان آگ زنی اور پتھراؤ کے سبب ہوا ہے۔

ناگپور پولیس نے، کل رات حساس علاقوں میں ایک مارچ نکالا، تاکہ یہاں کے مکینوں کو حفاظت کا یقین دلایا جا سکے اور شہر میں ہم آہنگی برقرار رکھی جا سکے۔x

MP Rangpanchami

آج مدھیہ پردیش کے شہر اِندور میں، رنگ پنچمی کے موقع پر، روایتی جلوس Ger نکالا جائے گا۔ اِندور، ملک کا سب سے صاف ستھرا شہر ہے۔ بیرونِ ملک کے لوگ بھی اِس جلوس میں شرکت کریں گے۔

وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو بھی اِس رنگارنگ جلوس میں شرکت کریں گے۔x

ایک رپورٹ

Capsule Sanjeev

اِندور میں رنگ پنچمی کے موقع پر Ger جلوس کی تاریخ تقریباً دو سو سال پرانی ہے اور اس کا تعلق Hollkar رجواڑے سے ہے۔ اِس سال تقریباً تین کلومیٹر طویل Ger جلوس میں لاکھوں لوگ شرکت کریں گے۔ اِندور کے میئر Pushyamitra بھارگو نے کہا کہ اِس جلوس کے پیشِ نظر صفائی ستھرائی کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے۔ لوگ یہ جلوس آسانی سے دیکھ سکیں، اس کے لیے اندور انتظامیہ نے آن لائن بکنگ شروع کی ہے، جس پر 370 لوگوں نے، آس پاس کی عمارتوں کی چھتیں بک کرائی ہیں۔اِس دوران حفاظت کے پختہ انتظامات کیے گئے ہیں۔اِس پورے جلوس پر ڈرون اور CC کیمروں سے نگرانی کی جائے گی۔

بھوپال سے سنجیو شرماکی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

Khelo India Para Games-Launch

نئی دِلّی میں کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 کا ترانہ، Mascot اور لوگو جاری کیا گیا۔ اس موقع پر نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا موجود تھے۔ پیرا گیمز 20 مارچ سے 27 مارچ تک دِلّی میں منعقد ہوں گے۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ کھیلو انڈیا پہل نے ایتھلیٹس کو ایک شاندار پلیٹ فارم دیا ہے۔ انہوں نے پیرا گیمز میں حصہ لینے والوں کے لیے نیک

خواہشات کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان کھیلوں میں 1300 سے زیادہ ایتھلیٹس حصہ لیں گے۔×

S/B Mandviya

## Kabaddi World Cup

کبڈّی عالمی کپ کے کل رات انگلینڈ کے Wolverhampton میں کھیلے گئے انتہائی دلچسپ مقابلے میں بھارت کے مردوں کی ٹیم نے اسکاٹ لینڈ کے خلاف میچ ڈرامائی طور پر 64-64 پر ڈرا کر دیا۔

بھارت کا اگلا مقابلہ  ہانگ کانگ سے ہوگا، جبکہ اسکاٹ لینڈ، 19 مارچ کو اٹلی کے خلاف کھیلے گا۔

خواتین کے زمرے میں بھارت کی خواتین ٹیم نے گروپ D کے مقابلے میں ویلز کو 89-18 سے شکست دیتے ہوئے اپنی مہم کی مثبت شروعات کی ہے۔ خواتین زمرے کے گروپ E کے ایک دیگر مقابلے میں انگلینڈ نے ہنگری کو 85-15 سے ہرا دیا۔×

## Taiwan China Maritime

چین کے جارحانہ فوجی اقدامات اور اس کی وجہ سے بڑھتے ہوئے سکیورٹی خدشات کے دوران تائیوان نے کہا ہے کہ اس نے اپنی حدود میں گزشتہ 24 گھنٹے میں کئی چینی تیارے اور بحری جنگی جہازوں کے سرگرم ہونے کا پتہ لگایا ہے۔ یہ تیارہ اور جنگی جہاز خلیج تائیوان کی Meridian لائن کو پار کر گئے۔ تائیوان کی وزارت دفاع کے مطابق کل چین کی فوج کے 59 تیاروں اور 9 بحری جہازوں کی سرگرمی کا پتہ لگا تھا۔×

## IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات نے راجستھان، مشرقی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، پنجاب، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تمل ناڈو، پڈوچیری، کیرالہ اور ماہے میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہواؤں کی پیشگوئی کی ہے۔ ریاستِ گجرات اور اندرونی کرناٹک کے علاقوں میں گرمی اور حبس کے حالات برقرار رہیں گے۔ اِن علاقوں میں اگلے 2 سے 3 دن کے دوران اسی طرح کے موسمی حالات برقرار رہ سکتے ہیں۔

محکمہئ موسمیات کے مطابق شمال مغربی بھارت میں اگلے دو دن کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت میں 2 سے 3 ڈگری سیلسیس کا بتدریج اضافہ ہو سکتا ہے۔ شمال مغربی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت کے 32 ڈگری سیلسیس اور کم از کم درجہئ حرارت کے 16 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔ ×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے لوک سبھا میں وقفہ صفر کے دوران دیے گئے وزیراعظم نریندر مودی کے بیان کو نمایاں کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے وزیراعظم کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے ”تروینی سنگم مہا کمبھ نے دنیا بھر میں بھارت کے قومی اتحاد کا مظاہرہ کیا۔“ اسی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور کچھ دیگر اخباروں نے بھی اپنے صفحہئ اول پر شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ تقریباً سبھی اردو اخباروں نے خلا باز سنیتا ولیمز اور بُچ وِلمور کے آج خلا سے زمین پر لوٹنے کی خبر کو اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

دِلّی میں آیوشمان بھارت یوجنا نافذ، دِلّی حکومت اور نیشنل ہیلتھ اتھارٹی (NHA) کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط اس خبر کو ملاپ نے اپنے صفحہئ اول پر شائع کیا ہے۔

لالویادو، رابڑی دیوی اور تیج پرتاپ کو ای ڈی کا سمن۔ اس خبر کو ملا نے اپنے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

”نیٹ پی جی امتحان 15 جون کو“ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اپنے صفحۂ اول پر پیش کیا ہے۔

اس کے علاوہ غزہ میں اسرائیل کی طرف سے جنگ بندی معاہدہ توڑے جانے اور اسرائیل کی بمباری میں 400 سے زیادہ فلسطینیوں کے مارے جانے کی خبر کو تقریباً سبھی اردو اخبارات نے خصوصیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 ناسا کے خلاباز سنیتا ولیمز اور Crew-9 کے اُن کے ساتھی ارکان، خلا میں 9 ماہ پھنسے رہنے کے بعد زمین پر واپس آگئے ہیں۔

-2 روس کے صدر ولادیمیر پتن نے، صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ بات چیت کے بعد یوکرین کے، توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے پر حملوں کو عارضی طور پر روکنے سے اتفاق کرلیا ہے۔

-3 اسرائیل کے وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل نے غزہ پر حملے، پوری طاقت سے دوبارہ شروع کردیے ہیں۔

-4 ریلویز کے وزیر اشونی ویشنو نے بھارتی ریلویز کو جدید اور مستعد ٹرانسپورٹ نظام بنانے کے، حکومت کے عزم کو دوہرایا ہے۔

-5 اور

کھیلو انڈیا پیراگیمز 2025 کا ترانہ، میسکٹ اور لوگو جاری کردیا گیا ہے۔ یہ کھیل مقابلے کَل سے شروع ہوں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔